© rasailojaraid.com

# مطالعہ کی میز پر

تبصرہ نگار
محمد رمضان یوسف سلفی
ایڈیٹر صدائے ہوش لاہور

تبصرہ کیلئے دو کتب کا آنا ضروری ہے (ادارہ)

## عظمت و رفعت کے مینار

مصنف: عبدالرشید عراقی

صفحات: 242 قیمت: 90 روپے

ناشر: نعمانی کتب خانہ حق سٹریٹ اردو بازار لاہور فون نمبر: 042-7321865

ملک عبدالرشید عراقی صاحب اردو اخبارات و رسائل کی دنیا کا ایک معروف نام ہے، وہ سلجھی ہوئی فکر کے تجربہ کار مصنف اور قلم کار ہیں۔ ان کی قلمی نگارشات کا سلسلہ کم و بیش 50 سال سے جاری ہے۔ برصغیر پاک و ہند کے علمی و ادبی اور دینی رسائل و جرائد ان کی تحریروں سے مزین ہوتے رہتے ہیں۔ اس کے علاوہ عراقی صاحب کوئی درجن کے قریب کتب تصنیف کر کے اہل علم اور عوام سے داد تحسین حاصل کر چکے ہیں۔

پیش نگاہ کتاب ان کی تازہ ترین کاوش ہے اس میں ان مضامین کو جمع کیا گیا ہے جو کسی زمانے میں جریدہ اہلحدیث سوہدرہ اور ہفت روزہ اہلحدیث لاہور میں اشاعت پذیر ہوئے تھے۔ اس کتاب میں عراقی صاحب نے 5 انبیاء کرام، 7 صحابہ کرام، 3 تابعین عظام، 3 تبع تابعین، 14 ائمہ کرام، 4 محدثین اور 4 جلیل القدر علماء کی حق گوئی و بے باکی کے واقعات خوب صورت اسلوب میں نہایت اختصار کے ساتھ صفحہ قرطاس پر مرتسم کیے ہیں۔ ان واقعات کو پڑھ کر قلب و ذہن میں ایمان کا جذبہ جاگزیں ہوتا ہے اور اس سے قاری کو یک گونا مسرت سی حاصل ہوتی ہے۔ اس مادہ پرستی کے دور میں جبکہ ہر انسان دنیاداری کی دوڑ میں پابہ رکاب ہے۔ عراقی صاحب کی یہ کاوش قابل تحسین ہے۔

اس کتاب کے ناشر ہمارے عزیز دوست محترم ضیاء الحق نعمانی صاحب، مالک نعمانی کتب خانہ بھی لائق تکریم ہیں کہ انہوں نے اس اہم کتاب کی اشاعت کی۔ کتاب اپنے ظاہری و معنوی حسن کے اعتبار سے بھی خوبصورت ہے۔ اس کی کمپوزنگ، طباعت، کاغذ، جلد بندی اور جاذب نظر ٹائٹل کے سلسلے میں بھی اعلیٰ معیار کو ملحوظ رکھا گیا ہے۔ ہم قارئین سے امید رکھتے ہیں کہ وہ اس کتاب کا مطالعہ کریں گے اور اسے اپنی لائبریری کی زینت بنائیں گے۔

## آئینہ عید میلاد (اخذ ونقد)

مصنف: حافظ نعیم الحق ملتانی

صفحات: 48، قیمت: 24 روپے

ملنے کا پتہ:

مدرسہ دار الحدیث محمدیہ جلالپور موڑ لودھراں

مکتبہ دار ارقم، نزد گیٹ مسجد اہلحدیث امین پور بازار فیصل آباد۔ 622180

ماہ ربیع الاول میں عید میلاد کے نام پر یاران تیز گام جس سرگرمی اور جوش و جذبے سے غیر شرعی رسوم و عوائد کا ارتکاب کرتے اور اسوہ رسول ﷺ کا خلاف کرتے ہیں وہ ایک تلخ حقیقت ہے۔

پیش نگاہ کتاب میں ان دوستوں کو احسن طریقے سے سمجھایا گیا ہے عید میلاد کا اسلام میں کوئی تصور نہیں ہے اور یہ ظہور اسلام کے کئی سو سال بعد کسی غالی نے شروع کی تھی۔ کتاب اختصار کے باوجود بہت اہم مباحث کو اپنے دامن میں سموئے ہوئے ہے۔ لائق مصنف نے میلاد النبی ﷺ کی رسم کی ابتداء میلاد النبی کی بریلوی حضرات کے نزدیک شرعی حیثیت، میلاد نہ منانے والوں کے دلائل جو قرآن و حدیث سے ماخوذ ہیں۔ اور منانے والے کے دلائل اور ان کے نہایت معقول اور عام فہم جواب بہت عمدہ پیرائے میں دیئے ہیں۔ کتاب بہت تحقیقی اور اس موضوع پر خوبصورت کاوش ہے۔

اس کے مطالعہ سے قاری کو عید میلاد کا مسئلہ سمجھنے میں کوئی دقت نہیں ہوگی۔ جو دوست اس طرح کی مباحث میں دلچسپی رکھتے ہیں ان کیلئے یہ کتاب نادر تحفہ ہے۔ کتاب کی کمپوزنگ طباعت، کاغذ سب عمدہ ہے اور ٹائٹل جاذب نظر، امید ہے کہ علمی حلقوں میں یہ کتاب تحسین کی نگاہ سے دیکھی جائے



© rasailojaraid.com